## اگر انڈیا کے پاس ممبئی واقعہ کے ٹھوس ثبوت وشواہد ہیں تو وہ حکومت پاکستان سے شیئر کرے۔الطاف حسین

## حکومت پاکستان سانحہ ممبئی کی تحقیقات کے سلسلے میں بھارت کے ساتھ ہر قسم کے تعاون اور معلومات کے تبادلے کیلئے تیار ہے

## جنگ نہ پاکستان کے مفاد میں ہے نہ بھارت کے مفاد میں، اختلافات کو بامقصد مذاکرات کے ذریعے حل کیا جائے۔الطاف حسین

## نہ پاکستان لڑنا چاہتا ہے اور نہ ہی انڈیا لڑنا چاہتا ہے بلکہ ''نان اسٹیٹ ایکٹرز'' انہیں آپس میں لڑانا چاہتے ہیں۔رحمٰن ملک

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ملاقات کے بعد الطاف حسین اور مشیر داخلہ رحمٰن ملک کی مشترکہ پریس کانفرنس

لندن۔۔۔13دسمبر 2008ء۔۔۔ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ جنگ نہ پاکستان کے مفاد میں ہے نہ بھارت کے مفاد میں ہے، بھارت اور پاکستان باہمی اختلافات کو اور غلط فہمیوں کو مثبت اور بامقصد مذاکرات کے ذریعے حل کریں، اسی میں دونوں ملکوں اور انکے عوام کی فلاح و بہبود مضمر ہے جبکہ وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے کہا ہے کہ نہ پاکستان لڑنا چاہتا ہے اور نہ ہی انڈیا لڑنا چاہتا ہے بلکہ ''نان اسٹیٹ ایکٹرز'' انہیں آپس میں لڑانا چاہتے ہیں۔جناب الطاف حسین اور مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے ان خیالات کا اظہار جمعہ کی شب ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ملاقات کے بعد مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کی حکومت اور تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں بھارت کے شہر ممبئی میں ہونے والی دہشت گردی کے واقعہ کی مذمت کرچکی ہیں کیونکہ معصوم شہریوں کا قتل پاکستان میں ہو یا انڈیا میں یا دنیا کے کسی بھی خطے میں ہو کوئی بھی اس کی حمایت نہیں کرسکتا۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں حکومت پاکستان کے اقدامات مدبرانہ ہیں، پاکستان اس کیلئے تیار ہے کہ اگر انڈیا کے پاس ٹھوس ثبوت وشواہد ہیں تو وہ حکومت پاکستان سے شیئر کرے۔انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان انڈیا کو یہ یقین دلا چکی ہے کہ وہ سانحہ ممبئی کی تحقیقات کے سلسلے میں ہر قسم کے تعاون اور معلومات کے تبادلے کیلئے تیار ہے اور اگر انڈیا نے کوئی ثبوت دیئے تو حکومت پاکستان ان عناصر کے خلاف کارروائی کرے گی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم نے یہی تجویز دی ہے کہ بھارت اور پاکستان باہمی اختلافات کو اور غلط فہمیوں کو مثبت اور بامقصد مذاکرات کے ذریعے حل کریں، اسی میں دونوں ملکوں اور انکے عوام کی فلاح و بہبود مضمر ہے۔انہوں نے کہا کہ جنگ میں بے گناہ عوام مارے جائیں گے اور اس میں عوام اور ان ملکوں کا نقصان ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ ایک نازک وقت ہے اور اس وقت پاکستان کی پوزیشن کیا ہے اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اقوام متحدہ میں ممبئی کے واقعہ کے حوالے سے انڈیا کی جانب سے پیش کی جانے والی قرارداد کی چین تک نے مخالفت نہیں کی جبکہ چین پاکستان کا دیرینہ دوست ملک ہے۔انہوں نے کہا کہ اس نازک وقت میں حکومت پاکستان اور ملک کے سیاسی رہنماؤں کو دانشمندی، ہوشمندی اور اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہیے اور سوچ سمجھ کر بیانات دینا چاہئیں۔انہوں نے مزید کہا کہ حکومت اور اپوزیشن میں شامل جماعتوں کو اس نازک وقت میں چھوٹے چھوٹے اختلافات کو ایک طرف رکھ کر اتحاد کا مظاہرہ کرنا چاہیے اور وقت کا تقاضہ ہے کہ چھوٹے چھوٹے ایشوز کو ایک طرف رکھ کر ملک کی سلامتی وبقاء کا خیال کیا جائے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں وفاقی وزارت داخلہ خصوصاً وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک خوش اسلوبی سے معاملات چلارہے ہیں جو قابل تحسین ہے۔اس موقع پر وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ نازک حالات میں ہمیں الطاف بھائی کی رہنمائی کی ضرورت ہے اور الطاف بھائی جو کردار ادا کررہے ہیں وہ بہت مثبت ہے۔انہوں نے کہا کہ الطاف بھائی نے اتحاد و یکجہتی کی جو بات کی ہے وہ وقت کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ نہ پاکستان لڑنا چاہتا ہے اور نہ ہی انڈیا لڑنا چاہتا ہے بلکہ ''نان اسٹیٹ ایکٹرز'' انہیں آپس میں لڑانا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان خود دہشت گردی کا شکار ہے، ہم خود دہشت گردوں سے نبرد آزما ہیں اور ہماری کوششوں کے نتیجے میں پہلی مرتبہ اب دہشت گرد کہتے ہیں کہ ان کے ساتھ سیز فائر کیا جائے لیکن ہم ان سے کہتے ہیں کہ تم ہتھیار پھینکو، تم انڈیا سے لڑنے کی بات کرتے ہو لیکن پہلے تم اپنے لوگوں سے لڑنا بند کرو، خودکش حملے بند کرو، یہ اسلام نہیں، اسلام تو امن اور پیار سکھاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ لوگ کسی اور کے ایجنڈے پر عمل کررہے ہیں۔رحمٰن ملک نے کہا کہ موجودہ حالات میں صدر آصف زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی بہت دانشمندی سے کام لے رہے ہیں، چندروز قبل قومی سلامتی کے بارے میں ہونے والی آل پارٹیز کانفرنس میں ساری سیاسی جماعتوں نے حکومت کو بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔کراچی میں کچھ ملک دشمن عناصر نے فساد برپا کرنے کی کوشش کی لیکن ہم الطاف بھائی کے شکرگزار ہیں کہ انہوں نے امن کیلئے بھرپور اپیل کی اور کوششیں کیں جسکے نتیجے میں امن خراب کرنے اور فساد کی سازش ناکام ہوگئی۔ایک سوال کے جواب میں وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے کہا کہ مجرم خواہ پاکستان میں ہو یا انڈیا میں ہو، وہ مجرم ہے، پاکستانی لیڈرشپ ان مجرموں کو قانون کے دائرے میں لانے کیلئے تیار ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی پاکستان اور انڈیا دونوں کی دشمن ہے اور دونوں ملکوں کو ملکر دہشت گردی کے خلاف کام کرنا ہوگا۔جہادی تنظیموں کے خلاف کارروائی کے بارے میں ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ یہ جہادی تنظیمیں آج کی نہیں بلکہ افغانستان اور روس کی جنگ کی پیداوار ہیں، پہلے یہ جہاد کرتے تھے، پھر شدت پسند ہوئے اور اب یہ دہشت گرد بن چکے ہیں اور دہشت گردی ان کا پیشہ بن گیا ہے۔

## ایم کیوایم کے تحت یوم شہداء کل بروز اتوار کو منایا جائے گا

## الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین بھتیجے عارف حسین سمیت تمام حق پرست شہداء، سانحہ قصبہ علیگڑھ اور سانحہ مشرقی پاکستان کے شہداء کی برسی کے سلسلے میں ملک بھر میں قرآن وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے

## قرآن خوانی کا مرکزی اجتماع خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوگا

کراچی۔۔۔13 دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام یوم شہداء کل بروز اتوار کو منایا جائے گا۔اس سلسلے میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین شہید اور عارف حسین شہید سمیت ایم کیوایم کے تمام حق پرست شہداء، سانحہ قصبہ علیگڑھ 14 دسمبر 1986ء اور سانحہ مشرقی پاکستان 16 دسمبر 1971ء کے شہداء کی برسی کے سلسلے میں کراچی سمیت سندھ بھر اور ملک بھر میں قرآن خوانی کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے۔یوم شہداء کے سلسلے میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا مرکزی اجتماع اتوار کو بعد نماز ظہر تا عصر ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال میں منعقد کیا جائے گا جس میں حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران، کارکنان اور حق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ یوم شہداء کے سلسلے میں قرآن خوانی کے اجتماع میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔

## ایم کیوایم کے تحت لندن میں یوم شہداء کل بروز اتوار کو منایا جائے گا

## لندن کے واٹلنگ کمیونٹی ہال میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کی جائے گی

لندن۔۔۔13 دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام یوم شہداء کے سلسلے میں کل بروز اتوار کو لندن میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد ہوگا۔یوم شہداء کے سلسلے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین شہید اور عارف حسین شہید سمیت ایم کیوایم کے تمام حق پرست شہداء، سانحہ قصبہ علیگڑھ 14 دسمبر 1986ء اور سانحہ مشرقی پاکستان 16 دسمبر 1971ء کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع لندن کے علاقے ایجویئر میں واقع واٹلنگ کمیونٹی ہال میں منعقد ہوگا۔جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے اراکین، شعبہ خواتین کی ارکان، ایم کیوایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، برطانیہ کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدرد عوام شرکت کریں گے۔یوم شہداء کے سلسلے میں قرآن خوانی کے اجتماع کیلئے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی جانب سے انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔

## ایم کیوایم نارتھ کراچی کے کارکن سید عبدالسعید کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔13 دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 34/A کے کارکن سید عبدالسعید خان ولد سید عبدالرشید خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13 دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 34/A کے کارکن سید عبدالسعید خان ولد سید عبدالرشید خان، اورنگی سیکٹر یونٹ 126 کے کارکن پرویز صدیقی کے والد محمد صغیر صدیقی اور لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کے کارکن اقبال کی والدہ وحیدن بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆